2875- مسلمان شخص کا کسی ملحد کے ہاں ملازمت کرنا

سوال

میں ایک ملحد (جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتا) شخص کے پاس ملازمت کرتا ہوں، تو کیا ایسے شخص کے پاس ملازمت جائز ہے حالانکہ اس کے میرے ساتھ معاملات اچھے ہیں اور وہ مجھے نماز کی ادائيگی کے لیے بھی وقت دیتا ہے؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ ملازمت میں جو کام کرتے ہیں وہ اسلامی نقطہ نگاہ سے جائز ہے اور جب تک آپ اللہ تعالی کے احکامات کی پابندی کرتے رہیں تو وہاں ملازمت میں کوئی حرج نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ آپ پر واجب اور ضروری ہے کہ آپ اسے احسن اور بہتر طریقے سے دعوت الی اللہ دیتے رہیں ہوسکتا ہے اللہ تعالی اسے ھدایت نصیب فرمائے اور وہ آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ تعالی عنہ کو خیبر کے کفار کے پاس روانہ کرتے وقت فرمایا تھا:

انہیں اسلام کی دعوت دینا اور اللہ تعالی نے جو بھی احکامات ان پر فرض کیے ہیں انہیں بتانا، اللہ تعالی کی قسم اگر ایک شخص کو بھی اللہ تعالی تیری بنا پر ھدایت نصیب فرما دے تو تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ قیمتی اور بہتر ہے۔

(سرخ اونٹ عرب لوگوں کو سب سے زیادہ محبوب اور قیمتی لگتے تھے)۔ صحیح بخاری حدیث نمبر (2787)۔

واللہ اعلم.